Alberta

نیوز ریلیز

# بجٹ 2025: چیلنج سے نمٹنا

بجٹ 2025، آج کی ترجیحات کے لیے فنڈز کی فراہمی کی خاطر ذمہ داری کے ساتھ کیے گئے فیصلوں کے ذریعے البرٹا کو درپیش چیلنجز سے نمٹتا ہے۔

البرٹا کے باشندوں کو گزربسر کی زیادہ لاگتوں سے نمٹنے میں مدد کی خاطر، بجٹ 2025 ٹیکس میں چھوٹ کے وعدے کو پورا کرتا ہے جو اس سال کے آغاز سے البرٹا کے باشندوں کے سینکڑوں ڈالرز بچائے گا۔ $60,000 تک کی آمدنی والے افراد کے لیے نیا آٹھ فیصد کا ذاتی انکم ٹیکس بریکٹ شیڈول سے دو سال قبل شروع کیا جا رہا ہے اور 2025 کے دوران البرٹا کے خاندانوں کے $1,500 تک بچائے گا۔

ایک ایسی آبادی کی ضروریات پوری کرنے کی خاطر، جو گزشتہ کچھ سالوں کے دوران بے حد تیزی سے بڑھ رہی ہے، بجٹ 2025 نگہداشت صحت اور تعلیم کے شعبہ جات میں تاریخ کی بلند ترین سرمایہ کاری بھی کر رہا ہے جبکہ البرٹا کی حکومت کی جانب سے اسکولوں اور کلاس رومز میں گنجائش پیدا کرنے کی خاطر عزم پر بھی تیزی سے پیش رفت جاری ہے۔ بجٹ البرٹا کے پسماندہ طبقوں کی معاونت جاری رکھے گا اور کمیونٹیز اور صوبائی سرحدوں کو محفوظ رکھنے کا عمل جاری رکھے گا جبکہ معیشت، کمیونٹیز اور آئل اور گیس انڈسٹری سے ماوراء سیکٹرز کی معاونت بھی جاری رہے گی۔

"بجٹ 2025 ایک مشکل لیکن نپے تلے فیصلوں والا بجٹ ہے جو البرٹا کے شہریوں کی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور ہمارے البرٹا کو حاصل برتری کو برقرار رکھتا ہے۔ یہ ٹیکس میں چھوٹ دیتا ہے، دیانت داری کے ساتھ خدماتِ عامہ کی معاونت کرتا ہے اور ہماری معاشی بنیادوں کو ٹھوس بناتا ہے تاکہ یہ مستقبل کی بادِمخالف کے سامنے ڈٹ سکے۔"
*نیٹ ہارنر (Nate Horner)، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیر مالیات*

بجٹ 2025 کا معاشی منظرنامہ ایک محتاط رویہ اختیار کرتا دکھائی دیتا ہے، جو کینیڈا اور امریکہ کے مابین تجارتی تنازعے اور البرٹا کی معیشت پر اس کے ممکنہ نمایاں اثر کے بلند خطرے کا عکاس ہے۔ یہ منظرنامہ ایک معتدل نوعیت کے تجارتی تنازعے کو فرض کرتا ہے جس میں کینیڈا کو تمام اشیائے ضروریہ پر اوسطاً 15 فیصد ٹیرف کا سامنا ہو گا، جبکہ توانائی کی پروڈکٹس کو 10 فیصد ٹیرف کا سامنا ہو گا۔ البرٹا حل تلاش کرنے کے لیے وفاقی، صوبائی اور علاقائی شراکت داروں کے ہمراہ کام کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ ان ٹیرفس کی موجودگی میں بھی، صوبہ تیل کی پیداوار اور سرمایہ کاری میں معتدل نوعیت کی لیکن تسلسل یافتہ نمو کی توقع رکھتا ہے تاکہ صوبے کے معاشی انجن کو چالو حالت میں رکھا جا سکے۔ البرٹا کی جانب سے کروڈ آئل کی ذمہ دارانہ برآمدات کے جاری رہنے کی توقع ہے تاکہ امریکہ کی اہم نوعیت کی توانائی کی ضروریات پوری کی جا سکیں، اور ٹرانس ماؤنٹین پائپ لائن میں توسیع مصنوعہ سازوں کو مزید برآمدی گنجائش فراہم کرے گی۔

زمرہ بندی: عوامی

اہم نوعیت کے پہلے سے موجود ایسے پروجیکٹس جو صنعتی عمارت کی تعمیر میں سرگرمیوں کے محرک ہیں اور جن میں Dow کمپنی کا Path2Zero پروجیکٹ، Air Products کی نئی ہائیڈورجن سہولت گاہ اور Imperial Oil کا اسٹریتھ کونا ریفائنری میں قابل تجدید ڈیزل کی توسیع کے پروجیکٹس شامل ہیں، ان میں سرمایہ کاری جاری رہے گی۔

توقع ہے کہ البرٹا کی ہاؤسنگ مارکیٹ معیشت میں ایک روشن ستارے کی مانند نمایاں رہے گی کیونکہ گھروں کے بلڈرز کی جانب سے ایک بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ آئندہ چند سالوں میں آبادی میں سست تر نمو لیبر مارکیٹ کو بتدریج دوبارہ توازن اختیار کرنے میں مدد دے گی۔

صوبہ اگرچہ نمایاں معاشی بے یقینی کی کیفیت اور ریونیو میں اتارچڑھاؤ کا شکار ہے، تاہم حکومت اخراجات کے حوالے سے پھونک پھونک کر فیصلے کرنے کے لیے بدستور پوری طرح پرعزم ہے تاکہ عملی اخراجات کو آبادی کی نمو کے ساتھ ساتھ مہنگائی کی شرح سے کم رکھا جائے اور البرٹا کے شہریوں اور کاروباری اداروں تک اہم پروگرامز اور خدمات کی ہموار طور پر ترسیل کی جا سکے۔

## بجٹ 2025 سرمایہ کاری کرتا ہے:

- تعلیم کے عملی اخراجات کے لیے 9.9$ بلین، جو کہ سال 25-2024 کے مقابلے میں 4.5 فیصد اضافہ ہے تاکہ اندراج پانے والوں کے باعث دباؤ میں مدد کی جائے، مزید اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ بھرتی کیا جائے اور پیچیدہ کلاس رومز اور طلباء کی معاونت کی جائے۔
- تعلیمی (K-12) انفراسٹرکچر کے لیے تین سال کی مدت میں 2.6$ بلین، بجٹ 2024 کے مقابلے میں یہ 505$ ملین یا 23.9 فیصد کا اضافہ ہے۔ یہ فنڈنگ آئندہ سات سال کے دوران طلباء کے لیے 200,000 سے زیادہ نئی اور جدید جگہوں کی تعمیر میں معاونت کرے گی (آئندہ چار سالوں کے دوران تقریباً 90,000 جگہیں بنائی جائیں گی)۔
- نوتوجہ یافتہ نگہداشت صحت کے نظام کے عملی اخراجات کے لیے 28$ بلین، جو کہ 1.4$ بلین یا 5.4 فیصد کا اضافہ ہے، جس میں شامل ہیں:
  - نگہداشت صحت کے لیے 22.1$ بلین تاکہ گھر کے قریب صحت کی معیاری خدمات تک رسائی میں بہتری لائی جائے، مریضوں کو ترجیح دی جائے، ہسپتالوں اور دیہی سہولت گاہوں کی گنجائش میں اضافہ کیا جائے سرجریز میں توسیع کی جائے اور صحت کے پیشہ ور افراد کو معاوضے کی ادائیگی اور ملازمتوں پر برقرار رکھا جائے۔
  - حساس مند مداخلتی فریم ورک کے نفاذ اور ریکوری البرٹا سروسز کے لیے 1.7$ بلین۔
  - البرٹا کے تمام شہریوں کے لیے نگہداشت کے سلسلے کی دستیابی کو پوری طرح جاری رکھنے پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے 3.8$ بلین، جس میں معاونت یافتہ رہائش، گھر پر نگہداشت اور کمیونٹی میں نگہداشت سے لے کر ہاؤسنگ اور سماجی معاونتوں اور مربوط سماجی خدمات تک شامل ہیں۔

- تحفظ عامہ اور ہنگامی خدمات کے عملی اخراجات کے لیے 1.3$ بلین، جو سال 25-2024 کے مقابلے میں 3.7 فیصد اضافہ ہے تاکہ البرٹا شیرفس، اصلاحی خدمات اور ہنگامی انتظامیہ کی معاونت کی جائے اور البرٹا کی کمیونٹیز کی حفاظت کی جائے اور مغربی سرحد کو محفوظ رکھا جائے۔
- اطفال و خاندان کی خدمات کے لیے 1.6$ بلین یا گزشتہ سال کے مقابلے میں چھ فیصد اضافہ تاکہ ان پروگرامز کو تقویت دی جائے جن پر کمزور بچے اور خاندان انحصار کرتے ہیں۔

- بنیادی نوعیت کے سماجی پروگرامز کے لیے 6.2$ بلین یا سال 25-2024 کے مقابلے میں 8.8 فیصد اضافہ، اس میں ایک مختصر مدتی اضافہ بھی شامل ہے تاکہ امریکہ کی جانب سے ممکنہ ٹیرفس سے متاثر ہونے والے افراد اور ہاؤسنگ پروگرامز کے لیے گرانٹس بڑھانے میں معاونت کی جائے۔
- مجموعی طور پر بجٹ 2025 کے کیپیٹل منصوبے میں آئندہ تین سالوں کے لیے 26.1$ بلین شامل ہیں، جو بجٹ 2024 کے مقابلے میں 4.4 فیصد یا 1.1$ بلین کا اضافہ ہے تاکہ نمو اور تعمیر کے چیلنج سے نمٹا جائے اور صوبے میں اسکولوں، ہسپتال، سڑکوں اور پلوں میں اضافہ کیا جائے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ منصوبہ 28-2027 تک اوسطاً 26,500 بلاواسطہ اور 12,000 بالواسطہ نوکریوں میں معاونت کرے گا۔

صوبہ 2050 تک ہیریٹیج فنڈ کو 250$ بلین تک بڑھانے کے لیے بھی توجہ مرکوز رکھنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ 25-2024 کی تیسری مالی سہ ماہی میں فنڈ کی قدر 25$ بلین تھی اور توقع ہے کہ مالی سال کے اختتام تک اس کی قدر بڑھ کر 27$ بلین تک جا پہنچے گی۔ ایک ایسا تجدید یافتہ ہیریٹیج فنڈ جو سالہاسال کے دوران رقم کماتا ہے، وہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک مزاحم اور پھلتے پھولتے البرٹا کو یقینی بنائے گا اور صوبے کے قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے ریونیو پر انحصار میں کمی لائے گا۔ ایک خودمختار بورڈ آف ڈائریکٹرز اور ایک نئی ہیریٹیج فنڈ اپرچونٹی کارپوریشن عالمی سرکاری دولت پر مبنی فنڈز کی مدد سے نئے مواقع اور شراکت داریوں تک رسائی فراہم کرے گی۔

## ریونیو

- 26-2025 کے دوران ریونیو کی کل مقدار 74.1$ بلین کے لگ بھگ رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جو 25-2024 کے لیے 80.7$ بلین کی پیشگوئی کے مقابلے میں 6.6$ بلین کم ہے۔ 27-2026 میں کل ریونیو میں 77.4$ بلین کی، اور 28-2027 میں 80$ بلین کی نمو کی پیشگوئی کی گئی ہے، اس ریونیو میں نمو کا وسیع تر سلسلہ بنیادی طور پر انکم ٹیکس کے باعث ہو گا۔

  - 26-2025 کے دوران کمی کی بنیادی وجہ ناقابل تجدید وسائل سے ہونے والے ریونیو میں 4.4$ بلین کی گراوٹ ہے، جو دراصل تیل کی قیمتوں میں پیشگوئی شدہ کمی کے سبب ہے۔ 25-2024 کے لیے 21.5$ بلین کی پیشگوئی کے مقابلے میں، 26-2025 کے لیے ریونیو کے اس ذریعے کے 17.1$ بلین رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔
  - 26-2025 کے دوران ذاتی انکم ٹیکس سے ہونے والے ریونیو کے بارے میں اندازہ ہے کہ وہ تیسری سہ ماہی کے 16.1$ بلین کے مقابلے میں کم ہو کر 15.5$ بلین رہے گا، جس کی وجہ نیا آٹھ فیصد کا انکم ٹیکس بریکٹ اور ممکنہ ٹیرفس سے وابستہ منفی اثرات ہیں۔ آئندہ دو سالوں کے دوران ذاتی انکم ٹیکس ریونیو میں معتدل نمو کی پیشگوئی کی گئی ہے کیونکہ مزید لوگوں کی جانب سے البرٹا منتقل ہونے کا سلسلہ جاری ہے۔
  - 26-2025 کے دوران کارپوریٹ انکم ٹیکس ریونیو کے 6.8$ بلین رہنے کا اندازہ قائم کیا گیا ہے، جو کہ 25-2024 کی تیسری سہ ماہی کے بارے میں پیشگوئی کے مقابلے میں 586$ ملین کم ہے، لیکن یہ آئندہ دو سالوں کے دوران بڑھ جائے گا۔

## اخراجات

- 2025-26 کے دوران کل اخراجات $79.3 بلین رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جو کہ 2024-25 کی تیسری سہ ماہی کے لیے پیشگوئی کے مقابلے میں $4.4 بلین یا 5.9 فیصد کا اضافہ ہے۔
  - کل اخراجات، 2026-27 کے دوران $79.8 بلین اور 2027-28 میں $82 بلین یا فی سال 1.7 فیصد رہنے کی توقع ہے۔
- عملی اخراجات $64.3 بلین رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے، جو 2024-25 کی تیسری سہ ماہی کے لیے پیشگوئی کے مقابلے میں $2.2 بلین یا 3.6 فیصد کا اضافہ ہے۔
  - عملی اخراجات 2026-27 میں $64.8 بلین اور 2027-28 میں $66.5 بلین رہیں گے، جو سالانہ اوسطاً 1.7 فیصد کا اضافہ ہے۔
- ناگہانی صورتحال کے لیے $4 بلین حکومت کو یہ لچک فراہم کریں گے کہ وہ بڑھتی ہوئی معاشی بے یقینی کے غیرپیشگوئی شدہ مضمرات سے نمٹ سکے اور ساتھ ہی ساتھ فی الوقت جاری مجموعی مذاکراتی عمل کے لیے معاوضہ جاتی اخراجات کے طور پر بھی فائدہ دیں گے۔

## خسارہ

- 2025-26 کے لیے $5.2 بلین کے خسارے کی پیشگوئی کی جا رہی ہے۔
- 2026-27 اور 2027-28 کے دوران خسارے میں بالترتیب $2.4 بلین اور $2 بلین کی کمی آنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔
- حکومت کے مالیاتی فریم ورک میں ایسی مستثنیات کے لیے گنجائش موجود ہوتی ہے کہ وہ کس وقت خسارے کے ساتھ اخراجات کرتی ہے، جن میں ریونیو کی مقدار میں نمایاں کمی بھی شامل ہے۔
- یہ خسارہ بڑی حد تک غیرقابل تجدید وسائل سے ہونے والے ریونیو میں گراوٹ اور البرٹا کے شہریوں کو عالمی معیار کی خدمات فراہم کرنے کے لیے لاگتوں میں اضافے کا نتیجہ ہے۔

## قرضہ

- قرضوں کی ادائیگی کے سلسلے میں لاگتوں میں 2024-25 کی $3 بلین کی لاگت کے مقابلے میں 2025-26 کے دوران $231 ملین کی کمی کی پیشگوئی کی جا رہی ہے، کیونکہ 2025-26 کے اوائل کے دوران واجب الادا قرضوں کی قسطوں کی ادائیگی کا بڑا حصہ 2024-25 کے دوران پہلے سے قرض لیے گئے فنڈز میں سے استعمال کیا جائے گا۔

## معاشی منظرنامہ

- 2025 کے دوران حقیقی مجموعی ملکی پیداوار کم ہو کر 1.8 فیصد رہنے کی توقع ہے جو کہ پھر 2026 کے دوران 1.7 فیصد رہے گی۔
- آبادی میں اضافہ معتدل رہے گا جو 2025 کے مردم شماری والے سال میں 2.5 فیصد کی شرح سے نمو پائے گی، جو کہ 2024 کے دوران 4.4 فیصد کی تاریخی نمو کے مقابلے میں کم ہے۔ اگلے دو سالوں کے دوران پیداواری شرح 1.4 فیصد پر پہنچ جائے گی، جس کے بعد 2028 میں 1.6 فیصد رہے گی۔

## 2025-26 کے لیے توانائی اور معاشی اندازے

| | |
|---|---|
| ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ آئل (USD/bbl) | $68 |
| ہارڈسٹی میں ویسٹرن کینیڈین سلیکٹ (CND/bbl) | $73.10 |
| لائٹ ہیوی ڈفرینشیئل (USD/bbl) | $17.10 |
| ARP قدرتی گیس (CND/GJ) | $2.50 |
| کروڈ کی روایتی پیداوار (000s بیرلز/دن) | 519 |
| خام بیٹومین کی پیداوار (000s بیرلز/فن) | 3,558 |

- کینیڈین ڈالر کی شرح تبادلہ (USD¢/CAD$) 69.60
- شرح سود (10 سالہ کینیڈا کے بانڈز، فی صد) 3.10

## متعلقہ معلومات

- بجٹ 2025

## متعلقہ خبریں

- بجٹ 2025: البرٹا کے مستقبل میں سرمایہ کاری (27 فروری 2025)
- بجٹ 2025: شعبۂ صحت و تعلیم میں چیلنج سے نبردآزما (27 فروری 2025)

## ملٹی میڈیا

- بجٹ خطاب ملاحظہ کریں
- نیوز کانفرنس ملاحظہ کریں
- نیوز کانفرنس سماعت فرمائیں

زمرہ بندی: عوامی